# تشہد میں انگلی اٹھانے کی حکمت

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

تشہد کے وقت انگلی اٹھانے کی کیا وجہ ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

التحیات میں کلمہ شہادت پر انگلی اٹھانے کی پہلی اور بنیادی وجہ تو یہی ہے کہ یہ عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اور سنت ہے۔ نیز عقلی توجیہ علمائے کرام نے یہ بھی بیان فرمائی ہے کہ زبان کے ساتھ ساتھ اعضا کے ذریعے بھی اللہ پاک کی توحید کی تصدیق اور باطل معبودوں کا انکار ہو جائے، اس مقصد کے پیش نظر انگلی اٹھائی جاتی ہے۔

**تشہد میں انگلی سے اشارہ کرنا متعدد احادیث مبارکہ سے ثابت ہے، چنانچہ صحیح مسلم شریف میں ہے**

”عن عامر بن عبد اللہ بن الزبیر، عن أبیہ، قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم إذا قعد یدعو، وضع یدہ الیمنی علی فخذہ الیمنی، ویدہ الیسری علی فخذہ الیسری، وأشار باصبعہ السبابۃ“

ترجمہ: حضرت عامر بن عبد اللہ اپنے والد حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم جب قعدہ میں تشہد پڑھنے کے لیے بیٹھتے، تو اپنا دایاں ہاتھ اپنی دائیں ران پر اور اپنا بایاں ہاتھ اپنی بائیں ران پر رکھتے اور شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے۔ (صحیح مسلم، جلد 1، صفحہ 408، حدیث: 579، دار احیاء التراث العربی)

**التحیات میں شہادت کی انگلی اٹھانے کا مقصد بیان کرتے ہوئے، علامہ ابن امیر الحاج علیہ الرحمہ حلبۃ المجلی میں لکھتے ہیں:**

”ان التوحید مرکب من نحو نفی واثبات، فیکون رفعھا اشارۃ الی احد شقی التوحید وھو نفی الالوھیۃ عن غیر اللہ تعالیٰ ووضعھا اشارۃ الی الشق الآخر وھو اثبات الالوھیۃ للہ وحدہ، فتقع بھا الاشارۃ الی مجموع التوحید“

ترجمہ: توحید نفی واثبات دو چیزوں سے مرکب ہے، تو انگلی کا اٹھانا توحید کی دو شقوں میں سے ایک کی طرف اشارہ ہوگا اور وہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ دوسروں سے الوہیت کی نفی ہے اور اس انگلی کو گرانا دوسری شق کی طرف اشارہ ہوگا اور وہ

صرف اللہ تعالیٰ کے لئے الوہیت کو ثابت کرنا ہے تو اس کے ذریعے توحید کے مجموعہ کی طرف اشارہ واقع ہوگا۔ (حلبۃ المجلی شرح منیۃ المصلی، جلد2، صفحہ205، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد آصف عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4256

**تاریخ اجراء:** 01ربیع الثانی1447ھ/25ستمبر2520ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net